1. ٹرافک کے علامات، اِن کے اُصول اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت کو جانیں گے۔

2. مختلف ادوار میں نقل و حمل میں ہوئی تبدیلیوں کو پہچانیں گے۔
3. آئی ہوئی تبدیلیوں کو خاندانی شجرہ نسب میں تحریر کریں گے۔
4. "ہر شخص منفرد ہے"۔ اس سچائی کو محسوس کریں گے۔
5. مقامی اور دیگر علاقوں کے مختلف کاریگروں کی شناخت کریں گے
6. قومی تہواروں کی اہمیت کو جانیں گے۔
7. الگ الگ ضلعوں میں استعمال ہونے والے مختلف لباس سے متعلق جانکاری حا صل کریں گے۔
8. ریاستِ کرناٹک کے مشہور تاریخی اور تفریحی مقامات کی پہچان کریں گے اور اِن کی اہمیت اور حفاظت کے جذبے کو اُبھاریں گے
9. ریاست کے سماجی اصلاح کار اور انمول عطیہ دینے والی نامور شخصیت سے متعلق جانیں گے۔
10. آزادی کے لئے جدو جہد کرنے والے اہم رہنماؤں کی شنا سائی کریں گے۔

نیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

بنیادی صلا حیت نمبر 01

1. طلباء کو شہر کا معائنہ کراکے ترافِک کی علامتیں اور چلنے کے اُصول، تجرباتی طور پر بتایا جا سکتا ہے
2. رنگین تصاویر کا استعمال

بنیادی صلاحیت نمبر 02

1. پیغامِ رسائی کے ذرئع کا تصاویر
2. قدیم دور سے جدید دور میں ہونے والے بدلاؤ پر مباحثہ منعقد کرانا

بنیادی صلاحیت نمبر 03

1. کنبہ یا خاندان میں موجود افراد کی فہرست تیار کرانا۔
2. اپنے خاندان کا شجرہ نسب تیار کروانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر04

1. عظیم شخصیتوں پر بات کرانا۔
2. ہر طالِب علم سے اپنے خیالات/خواہشات کو ظاہر کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر05

1. دیہی معاشرہ کے مختلف پیشوں کی فہرست تیار کرانا
2. پیشوں کی اہمیت پر مباحثہ کرانا

بنیادی صلاحیت نمبر 06

1 قومی تہوار کی فہرست تیار کروانا۔
2 قومی تہورات کی اہمیت پر مبا حثہ کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 07

-1 مختلف اضلاع کے لباس کی فہرست تیار کروانا

2- ہمارے ملک کے الگ الگ ریاستوں کے لوگ کس طرح کے لباس استعمال کرتے ہیں اِس کے متعلق گفتگو کرانا۔

بنیادی صلاحیت نمبر 08

1 ریاست کے تفریحی اور تا ریحی مقامات کے تصاویر کا استعمال نقشے کا استعمال

2 نقشے کا استعمال

بنیادی صلاحیت نمبر 09

1 سماجی اصلاح کار کے ناموں کی فہرست تیار کروانا

2 سماجی اصلاح کار کے تصاویر کا استعمال۔

بنیادی صلاحیت نمبر 10:

1 تحریکِ آزادی میں حصّہ لینے والے رہنماؤں کے تصاویر اِکھٹا کرانا (البم تیار کرانا)

2 واحد ادا کاری منعقد کرانا۔

قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

بنیادی صلا حیت نمبر 01

3. ٹرافک کے علامات کہاں ڈالے ہوتے ہیں؟
4. پیدل جلنے والوں کو سڑک کہا ں پار کرنی چا ہیئے؟
5. پیلے رنگ کا قمقمہ کس بات کا اشارہ کرتی ہے؟
6. ٹرافک کے اُصول رینا نے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟
7. تم جس راستے سے مدرسہ آتے ہو کیا وہاں اشارتی قمقمے موجود ہیں؟

بنیادی صلاحیت نمبر 02

3. قدیم زمانے میں نقل و حمل کے لئے استعمال ہونے والے جانور کونسے ہیں؟
4. تمہارے گاؤں میں نقل و حمل کے لئے استعمال ہونے والے جانور کونسے ہیں؟
5. جدید دور میں استعمال ہونے والے نقل و حمل کے ذرئع کونسے ہیں؟
6. قدیم زمانے میں استعمال کئے جانے والے پیغام رسائی کے آلات کونسے ہیں؟
7. جدیددور میں استعمال کئے جانے والے پیغام رسائی کے آلات کونسے ہیں؟

بنیادی صلاحیت نمبر 03

3. تمہارے گھر میں کُل کتنے افراد ہیں؟
4. تمہیں کتنے بھائی ہیں؟
5. تمہیں کتنے بہن ہیں؟

6. تمہارے گھر سے شادی ہو کر گئے افراد کتنے ہیں؟
7. افراد شامل ہونی کی تعداد کتنی ہے؟

بنیادی صلاحیت نمبر04

3. تمہارے گھر ہر دِن منائے جانے والے مذہبی رسومات کونسے ہیں؟
4. گھریلو کام میں گھر کے افراد کسی طرح ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں؟
5. تمہارے گھر میں منائے جانے والے تہوار کونسے ہیں؟
6. تم اُسکول کے کن کن پروگرامس میں حصّہ لیتے ہو؟
7. کیا تم بزرگوں اور ضعیفوں کی مد کرتے ہو؟

بنیادی صلاحیت نمبر05

3. کھیتی باڑی کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟
4. لکڑی کاٹ کر اشیاء بنانے والے کو کیا کہتے ہیں؟
5. لوہے کا کام کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟
6. مٹی کے برتن بنانے والے کو کیا کہتے ہیں؟
7. تمہارے گھر کا اہم پیشہ کیا ہے؟

بنیادی صلاحیت نمبر 06

1. مدرسہ میں منائے جانے والے قومی تہوار کونسا ہے؟
2. 2 اکٹوبر کو منایا جانے والا تہوار کونسا ہے؟
3. 26 جنوری کو کونسا تہوار مناتے ہیں؟
4. قومی پرچم میں موجود رنگ کونسے ہیں؟
5. قومی ترانہ گاتے وقت تم کس طرح ٹہروگے؟

بنیادی صلاحیت نمبر 07

1. سردیوں میں تم کونسا لباس پہنتے ہو؟
2. تمہارے ضلع میں مردوں کے لباس کون کونسے ہیں؟
3. تمہارے ضلع میں عورتیں کس طرح کے لباس پہنتے ہیں؟
4. اُون سے بنےکپڑے کب پہنتے ہیں؟
5. شروعات میں کپڑے کس سے تیار کیا جا تا تھا؟

بنیادی صلاحیت نمبر 08

1. ہماری ریاست کونسی ہے؟
2. ہماری ریاست کے تفریحی مقامات کونسے ہیں؟
3. ہماری ریاست کے مشہور تاریخی مقامات کون کونسے ہیں؟
4. کرناٹک میں سال بھر پہنے والی ندی کونسی ہے؟
5. کرناٹک کا صردِ مقام کونسا ہے؟

بنیادی صلاحیت نمبر 09

1. مشہور سماجی اصلاح کار کے نام بتاؤ؟
2. عوام میں تو ہم پرستی کو کس صلاح کارنے کی؟
3. رامانجا چاریہ کہاں پیدا ہوئے؟
4. "عمل سے نجات ہے" کہنے والے کون ہیں؟

5. دستور ساز کیمٹی کے چیر مین کون تھے؟

بنیادی صلاحیت نمبر 10

1. ہندوستان کو آزادی کب ملی؟
2. ہندوستان کی آزادی میں حصّہ لینے والے رہنماکون تھے؟
3. "زادی ہمارا پیدائش حق ہے" یہ کس نے کہا تھا؟
4. انگریزوں کے خلاف لڑنے والی پہلی عورت کون تھی؟
5. ٹیپو سلطان کا لقب کیا تھا؟